7اپریل 2011ء

شریعہ آڈٹ رپورٹ برائے بورڈ آف ڈائریکٹرز

الحمدللہ ربّ العٰلمین والصلاۃ والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین

محمد النبی الأمی وعلی آلہٖ وصحبہٖ أجمعین، وبعد،

الحمدللہ، ہم نے پاک قطر جنرل تکافل لمیٹڈ کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے سال 2010ء کا جائزہ لیا۔

ہم کمپنی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی حیثیت سے اس بات سے بخوبی باخبر ہیں کہ کمپنی سے متعلق تمام مالی معاملات اور مختلف عقود و معاہدات کو شرعی قواعد وضوابط کے مطابق یقینی بنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ اسی طرح کمپنی منیجمنٹ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام تکافل پراڈکٹس اور تکافل خدمات شرعی قواعد وضوابط کے مطابق اور باقاعدہ شریعہ بورڈ سے منظور شدہ ہوں۔ شرعی قواعد وضوابط کے مطابق کمپنی کے شریعہ کمپلائنس ہونے کا جائزہ لینا ہمارے آڈٹ کے دائرہ میں آتا ہے۔

شریعہ ایڈوائزری بورڈ ممبرز کمپنی کی برانچز کا گاہے بگاہے دورہ کرتے ہیں اور مختلف معاملات کا جائزہ لیتے رہتے ہیں۔ کمپنی کے شریعہ کمپلائنس ڈپارٹمنٹ نے ماشاءاللہ پورے سال بہت اہتمام سے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کے ساتھ عملاً تعاون کیا۔ دورانِ سال جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہوا تو فوری طور پر انتظامیہ کیساتھ میٹنگ کرکے حل کرلیا گیا اور انتظامیہ کو شرعی قواعد وضوابط کے مطابق اس کی تنفیذ کے سلسلے میں ہدایات جاری کردی گئیں۔

اب تک شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی طرف سے مندرجہ ذیل منظوریاں / رہنما اصول جاری کیے گئے:

☆ رہنما اصول برائے حلال اور حرام کاروبار متعلقہ تکافل رکنیت

☆ رہنما اصول برائے سرمایہ کاری

☆ رہنما اصول برائے ری تکافل

☆ رہنما اصول برائے چیریٹی فنڈ

☆ رہنما اصول برائے کو۔ تکافل

☆ رہنما اصول برائے سرپلس

☆ مستقل بنیادوں پر سرمایہ کاری کے لئے متعلقہ کمپنیوں اور اسلامک میوچل فنڈز کی جانچ پڑتال و منظوری

☆ نئی تکافل پراڈکٹس مثلاً: اریکشن آل رسک تکافل پالیسی، منی تکافل کوریج، (اے ٹی ایم اور کاؤنٹر سے بوقت کیش) ٹیریزم تکافل پالیسی، اسلامی بینکوں اور مختلف کمپنیوں کے ساتھ ہونے والے معاہدات کا جائزہ و منظوری۔

ہمیں یہ جان کر خوشی ہے کہ انتظامیہ اپنی تمام برانچز میں شریعہ کمپلائنس سیٹ اپ کیلئے کام کررہی ہے، نیز ہر برانچ میں تکافل سے متعلق باقاعدہ تربیتی پروگرام بھی منعقد کئے جارہے ہیں۔

7اپریل 2011ء

ہماری معلومات کے مطابق:

۱......سال 2010ء میں کمپنی کی جانب سے کیے گئے تمام مالی معاملات (سوائے اُن چند معاملات کے جو شرعی اعتبار سے درست نہ تھے اور ان کو با قاعدہ طور پر حل بھی کر لیا گیا) شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی جانب سے دی گئی گائڈ لائنز اور تکافل رولز 2005ء کے مطابق تھے۔

۲......گذشتہ سال کی بنسبت رواں سال کمپنی کے آپریشن ڈیپارٹمنٹ نے شریعہ بورڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی جانے والی ہدایات کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کو بحسن وخوبی انجام دیا اور کوئی غیر شرعی پہلو نہیں پایا گیا۔

۳......الحمدللہ، مجموعی اعتبار سے کمپنی کے معاملات شرعی قواعد وضوابط کے مطابق تھے، نیز ہم وقف فنڈ کے لئے اختیار کی گئی اکاؤنٹنگ پالیسیز کیساتھ بھی اتفاق کرتے ہیں۔

اللهم أرنا الحق حقا وارزقنا اتباعه وأرنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابه

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہم سب کو اخلاص کیساتھ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، نیز حق بات کو حق دکھلائے اور اس کی اتباع کی توفیق عطا فرمائے اور باطل کو باطل دکھلائے اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

درنیابت چیئرمین شریعہ ایڈوائزری بورڈ

ڈاکٹر مفتی عصمت اللہ
ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ

مفتی زبیر اشرف عثمانی
ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ